PAKISTAN MERCANTILE EXCHANGE

PMEX

# PULSE

## NEWSLETTER

ISSUE 23 APRIL-JUNE 2019

**YOUR FUTURES EXCHANGE, THE EXCHANGE OF THE FUTURE**



Pakistan Mercantile Exchange Limited (PMEX) is Pakistan's first and only multi-commodity futures exchange, which is licensed and regulated by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP). Shareholders of PMEX include National Bank of Pakistan (NBP), Pakistan Stock Exchange Limited (PSX), ISE Towers REIT Management Company Limited, LSE Financial Services Limited, Pak Brunei Investment Company Limited, ZaraiTaraqiati Bank Limited and Pak Kuwait Investment Company Limited. The Exchange offers a diverse range of domestic and international commodities and financial futures. With a sophisticated infrastructure based on state-of-the-art technology, PMEX provides a complete suite of services i.e. trading, clearing and settlement, custody as well as back office, all under one roof. PMEX's international affiliations include memberships of Association of Futures Markets (AFM), Futures Industry Association (FIA) and Memorandum of Understanding (MoUs) with Borsa Istanbul, Izmir Commodity Exchange, Dubai Gold & Commodity Exchange, Dalian Commodity Exchange, Iran Mercantile Exchange and Belarusian Universal Commodity Exchange.

HEDGE

# PAKISTAN MERCHANTILE EXCHANGE LIMITED (PMEX)

Head Office
3B, 3rd Floor, Bahria Complex IV,
Ch. Khalique-uz-Zaman Road Gizri,
Karachi-75600, Pakistan.

Lahore Office
Office # 01, P2 Floor, Ali Tower,
105-B2, M.M. Alam Road, Gulberg 3,
Lahore, Pakistan.

Islamabad Office
Office No. G-9 (B), ISE Towers,
Jinnah Avenue, Blue Area,
Islamabad, Pakistan.

Karachi: +92-21-111-623-623
Islamabad: +92-051-2894003-4
Lahore: +92-042-35752825-6
FAX: +92-21-35155022

Customer Support Services
UAN: +92-21-111-11-PMEX (7639)
Email: support@pmex.com.pk

TRADE

**Disclaimer**
This newsletter is for information purpose only and does not constitute an offer or solicitation to make an investment in Commodity Futures Contracts which carries risk. Any views, expressions or opinions expressed in this document are solely for providing information to readers.

Publication of the Marketing Dept. of PMEX
Design Agency: Conte'
Printer: Appletree Graphics

# CONTENT

01 PMEX to Open a New Chapter in the Gold Trade

02 PMEX Participates in a Seminar held for PSATF

03 PMEX deploys Microsoft Office 365

04 KCCI Delegation Visits PMEX

05 PMEX Enhances Customer Experience of Trading Futures

06 PMEX Participates in the Annual Conference of AFM

07 Awareness Programs

08 Employee Volunteering Programs

09 PMEX at Career Fairs

10 Investor Education

11 Top Ten Brokers

12 Circulars and Notifications

13 PMEX Highlights

14 Price Trend Of Commodities

# PMEX TO OPEN A NEW CHAPTER IN THE GOLD TRADE

Ever since gold has been discovered, its consumption has been on the rise, despite being a non-consumable commodity. It was used as medium of exchange prior to the introduction of currency. Royals and women still use it for the display of wealth. It is also very useful in industrial application. As it is a good conductor, very malleable and highly ductile, it is used in electronics, glassmaking, medical treatments and dentistry.

Lately, central banks around the world have started accumulating the precious metal for building reserves, along with l eading currencies. Investors consider the precious metal as safe-haven asset during times of economic turmoil.



Pakistan just can't be an exception. At present, there are more than 30,000 retailers/Jewellery shops located throughout the country. More than 500,000 people are associated with the trade directly or indirectly. As no official data on gold sales/purchases, imports/exports & inventory levels is available, the statistics on Gold trade can only be estimated from industry sources. As per informal industry sources, the local market processes over 150 tons of gold annually. This signifies the role of gold sector in the national economy which is grossly undocumented at the moment. Lately, the government has started the process of documenting economic activities. Additionally, in order to be compliant with the Financial Action Task Force (FATF) requirements, the documentation of this sector has become more important. Considering the above, it is perhaps high time to come up with a new ecosystem, which on one hand facilitates in documenting gold trade and on the other hand establishes credible money/gold trail.

In this regard, PMEX has held detailed discussions with different stakeholders of gold trade and arrived at the consensus that the Exchange can play the most vital role in ensuring complete documentation of gold trade as well as making the basic raw material available to the jewellers.

In line with the above vision and International precedence, the Exchange has proposed a model that would enable members of PMEX to import unprocessed Gold. Furthermore, the imported precious metal would be deposited to the Exchange vault and trading & delivery will take place through PMEX's electronic trading platform. Jewellers/Buyers will be required to open account with PMEX for trading of gold. Buyers will be required to submit funds through online-banking directly to the Exchange. PMEX is currently in the process of discussing the operational modalities of the proposed model with the relevant stakeholders and regulatory authorities.

The Exchange is confident that once the proposed model with all regulatory approvals is in place for the sale and physical delivery of gold, it will yield multiple benefits that include documenting gold trade, boosting export of jewellery from Pakistan and creating a full-fledged gold-backed investment industry along with a formal gold-based lending market.

# PMEX PARTICIPATES IN A SEMINAR HELD FOR PSATF

PMEX participated in a seminar organized by Sindh Government for the visiting delegation of Pakistan South Africa Trade Federation (PSATF) on April 18, 2019 at a hotel in Karachi. The purpose of PSATF visit was to strengthen business relations and increase bilateral trade between Pakistan and Southern African countries.

Mr. Hasan Mahmood, Head of Business PMEX made a detailed presentation at the event about the role of the Exchange in the country. The focus of his presentation was the Global Trading Platform (GTP). This platform will enable the Exchange to showcase locally produced agriculture products to the international market and ensure their delivery at the doorsteps of buyers. He briefed the audience that GTP on one hand will enable the buyers to buy products of certified standards at attractive prices and on the other hand facilitate the sellers in getting a better price of the products being offered.

The Members of the delegation expressed keen interest in the proposed PMEX model and invited the Exchange to attend an upcoming conference in Johannesburg.



Showcasing of Pakistani agri-products to global consumers is likely to boost export of these commodities, particularly coarse varieties of rice to South African countries. The prime advantage is that both the buying and selling countries will benefit from the technology driven platform of PMEX that will offer real-time price discovery, certified quality products and ease of payment.

# PMEX DEPLOYS MICROSOFT OFFICE 365

PMEX deployed Microsoft Office 365 solution to provide its employees with more powerful, creative and contemporary ways to communicate, collaborate and share insights with one another.

Office 365 has enabled PMEX to take its applications and storage to the cloud, providing enormous benefits with ease of access, security and comprehensive functionality.

Office 365 for business is a Microsoft subscription service, hosted in secure data centres and accessed via the Internet. It includes services such as access to latest Office applications and online productivity services as well as business services, such as web conferencing, hosted email, and online storage.

# KCCI DELEGATION VISITS PMEX

A delegation of Karachi Chamber of Commerce & Industry (KCCI) led by Junaid Esmail Makda, President KCCI, visited PMEX office. The other distinguished members of the delegation were Asif Sheikh Javid, Vice President, Abdul Basit Abdul Razak, Former Senior Vice President, Eng. Farrel Menezes, Deputy Secretary and Arif Doni, CEO, Doni & Company.

Mr. Ejaz Ali Shah, Managing Director, PMEX welcomed the delegation and briefed the members about the crucial role being played by the only multi commodity futures exchange in bringing local agricultural commodities at its platform. Mr. Shah also shed light on upcoming ecommerce platform i.e. Global Trading Platform (GTP), which will showcase local agricultural commodities to the overseas buyers enabling them to have the commodities delivered at the port of their choice.



Mr. Junaid Esmail Makda thanked Mr. Shah for making an elaborate presentation about the operations of the Exchange and also assured the best support of the Chamber in PMEX's future endeavors.

# PMEX ENHANCES CUSTOMER EXPERIENCE OF TRADING FUTURES

The technology and digital transformation have given birth to a generation of informed and socially engaged customers, who demand speedy and comprehensive solution. Fully cognizant of the growing demand of technology savvy customers, PMEX has remained proactive in extending superior quality services to its valued members and their clients in line with the philosophy that customer services is not about meeting customer expectations, it's about exceeding them!




In order to ensure that clients have a direct access to customer services, the Exchange has introduced a dedicated UAN: 111-11-PMEX (7639) for Customer Support Services. Using the dedicated UAN, members and their clients are able to raise enquiries and receive responses from the Exchange's highly responsive Customer Service team in a simple and speedy manner.

Moving forward, PMEX plans to integrate Customer Relationship Management (CRM) software with Customer Support Services. Using CRM, the Exchange will be able to create full 360-degree view of its members and their clients, getting end-to-end picture of their journey and experience of trading futures with the Exchange. Moreover, this will facilitate the Exchange in personalizing communications, strengthening relations, quickly accessing information of the members and their clients along with improving their satisfaction level.

PMEX is confident that once CRM is integrated with Customer Support Services, members and their clients would be even better equipped to access the support required for their trading, investing and hedging needs.

# PMEX PARTICIPATES IN THE ANNUAL CONFERENCE OF AFM

PMEX participated in the 22nd Annual Conference of the Association of Futures Markets (AFM) held in Chicago, United States from May 8 - 9, 2019. The theme of the conference revolved around the way innovative technology is influencing the futures markets.

The Conference brought together regulators, exchanges, clearinghouses, and other stakeholders from around the world under one roof to discuss the key market trends and business issues. The two-day Conference featured panel discussions, debates and views from industry players on a wide range of topics. These included the changing landscape of derivatives industry, global market developments and their impact on exchanges, mapping the regulatory landscape, the challenges facing start-up futures exchanges, FinTech in the Exchange Space, Cryptocurrencies and Digital Asset Exchanges.



Mr. Ejaz Ali Shah, Managing Director PMEX, represented the Exchange at the event. The Conference provided PMEX with a platform for active and engaging discussions on a comprehensive range of contemporary topics. In addition, the event provided opportunity to the Exchange to establish new partnerships and consolidate existing relationships with AFM members, partner organizations and market participants from AFM region.

PMEX joined the AFM as an Associate Member in March 2012 and was granted full member status in February 2014. As a full member, PMEX plays a proactive role in the formation of policies of the Association and represent Pakistan on its various bodies.

# AWARENESS PROGRAMS

### Futures Training 101

The Exchange conducted twelve (12) training sessions this quarter under the banner "Futures Trading 101". These sessions were attended by a wide array of potential investors from different walks of life. The training provided in-depth knowledge about futures trading at a regulated platform of PMEX.

These weekly free of cost training sessions are held on every Wednesday from 4:00 pm to 5:00 pm at PMEX premises.

### Rawalpindi Chamber of Commerce and Industry

An awareness session on "Commodity Futures Trading" was organized for the members of  Rawalpindi Chamber of Commerce and Industry (RCCI) on April, 03 2019 at its office. Mr. Ejaz Ali Shah, Managing Director PMEX, highlighted the role of the Exchange in bringing trading of agriculture commodities at its platform. He also briefed the audience on benefits of hedging against market volatility, price discovery, transparency and risk management mechanism in trading and settlement of transactions.

The session was highly interactive and everyone participated enthusiastically with questions, comments and suggestions.



### Darul Sehat Hospital

The Exchange organized an awareness session on the futures and commodities trading at the regulated platform of PMEX. The session was held in collaboration with Shajar capital for the management staff of Darul Sehat Hospital.

The session started with screening of PMEX documentary followed by a comprehensive presentation about commodities trading, Exchange's integrated business model, technology infrastructure and existing and upcoming products. The session was followed by an interactive Q&A sessions.

### Institute of Business Administration

The Exchange conducted interactive awareness session for the students and faculty members of Institute of Business Administration (IBA). The participants were briefed about the benefits of trading commodities at a regulated platform and the role being played by the Exchange. To acquaint newcomers with commodity trading, the students were also briefed about the facility of MetaTrader 5 Demo Trading Account service, which is similar to the real account with the exception that trading is done with virtual money.

# EMPLOYEE VOLUNTEERING PROGRAMS

PMEX Employee Volunteering Programs inspire and encourage its employees to come together, reach out to underprivileged communities and give their time to the causes close to their hearts. Through these programs PMEX employees have been on the forefront when it comes to supporting education and youth development.

During April – June quarter, a group of PMEX employees spent their time at UJALA, a school for children with special abilities and the vocational training centre established by the NGO Parents Voice Association. The objective of the group was to spend a day with the children with special abilities and make them feel loved, cared and dignified. The employees distributed books and stationery among the children.





*"Spending time with these children gave my life a new dimension. Not only the children were contended, but also had the ability to face the challenges of life. I am convinced they had some unique abilities and they stand distinguished."*

*Huzaifa Zahid*
*Assistant Manager IT Security*

*"Interacting with children of UJALA has taught me two lessons: 1) thank Allah for the blessings and 2) understand some of the unique abilities of these children. I feel that it is the collective responsibility of the society to harness their unique skills and make them the icons of the society."*

*Muhammad Waqas Moin*
*Team Lead – Software Quality Assurance & Business Analyst*

# PMEX AT CAREER FAIRS

During Apr - June 2019 quarter, PMEX participated in career fairs at Karachi University and Habib University.

The purpose of participating in career fairs was to offer an opportunity to new and graduating students along with the alumni to meet the team of Pakistan's first and only multi-commodity futures exchange and discuss with them the opportunities of internships and employment.

Ms. Faiza Hussain, Head of Human Resources, conducted engaging and interactive sessions. She briefed the students and the faculty members about the core business of the Exchange with especial emphasis on recruitment process. The participants watched the presentation with keen interest and also actively participated in Q&A sessions.





# INVESTOR EDUCATION

The commodity futures market in Pakistan has witnessed rapid growth since 2007. Over the years, there have been regulatory, structural and operational changes in the commodity futures market. The objective of these changes is to bring efficiency, enhance transparency, prevent unfair trade practices and align Pakistan's commodity futures market with international best practices.

To achieve the above objective, PMEX, a Self-Regulatory Organization (SRO), prescribes guidelines for its Brokers and their Clients from time to time. Recently, the Exchange has revised the guidelines consequent to the introduction of Direct Funds Model and halt of discretionary trading. In this issue, we have featured revised guidelines for the Clients of commodity futures Brokers and in the next issue we will cover the guidelines for Brokers.

| DO'S | DON'TS |
|---|---|
| 1. Verify the authenticity of a Broker and its branches from the list of registered brokers from PMEX website (http://pmex.com.pk/pmex-brokers) | 1. Do not deal with Brokers or their branches not registered with PMEX |
| 2. Carefully read and understand the terms and conditions along-with Risk Disclosure Document | 2. Do not give wrong, contradictory or incomplete information in the Account Opening Form |
| 3. Ensure that all information is accurately filled in the Account Opening Form and a signed copy of the form is retained for future reference | 3. Do not issue cross cheque pay order demand draft or any other instrument in the name of Broker, or any of its employee/authorized representative. |
| 4. In case of any change in information provided in the Account Opening Form, immediately communicate in writing to Broker | 4. Do not deposit payments in cash in your account |
| 5. Only deposit payments to PMEX through cross cheque or online transfer from your own bank account registered with PMEX | 5. Do not deposit payments through third party cheque or online transfer from third party account |
| 6. Ensure that Broker sends daily, weekly, monthly account balance and activity statements to know the trade activity and cash balances in the trading account | 6. Do not get misled by alluring advertisements, rumors, hot tips or the promises of assured returns by the Brokers or their authorized representatives |
| 7. Ensure that Broker sends SMS alerts for trades and cash movement in the trading account | 7. Do not share personal ID and password provided by the Exchange with the Brokers or their authorized representatives |
| 8. Approach PMEX in case of any complaint that remains unresolved by the Broker | 8. Do not surrender the right of receiving cash and trade balances reports via email and SMS |
| | 9. Do not start trading before reading and understanding the Risk Disclosure Document provided by PMEX |
| | 10. Do not give deposit by whatever name called, to any Broker or any of its employee/ authorized representative against fixed or guaranteed returns on deposits as the same is illegal and any claim in respect of such deposits would not be considered/entertained by PMEX |

# TOP TEN BROKERS

## April - June, 2019

Total contracts traded: 804,238 | Total Rupee Value Traded: 705.043 billion | Number of Brokers active: 54

| Ranking | Based on Traded Contracts | Based on Traded Value |
|---|---|---|
| 1 | H.G Markets (Pvt.) Limited | Azam Gold Trading (Pvt.) Limited |
| 2 | Azam Gold Trading (Pvt.) Limited | Abbasi & Co. (Pvt.) Limited |
| 3 | Jahanzaib Commodities (Pvt.) Limited | Jahanzaib Commodities (Pvt) Limited |
| 4 | Abbasi & Co. (Pvt.) Limited | H.G Markets (Pvt.) Limited |
| 5 | Arif Habib Commodities (Pvt.) Limited | FinTech (Pvt.) Limited |
| 6 | Enrichers (Pvt.) Limited | Arif Habib Commodities (Pvt) Limited |
| 7 | FinTech (Pvt.) Limited | Enrichers (Pvt.) Limited |
| 8 | JS Global Capital Limited | JS Global Capital Limited |
| 9 | Market 786 (Pvt.) Limited | Rays Commodities (Pvt.) Limited |
| 10 | AKD Commodities (Pvt.) Limited | Topline Securities Limited |

# CIRCULARS AND NOTIFICATIONS

**April 03, 2019**

All brokers were informed that Securities & Exchange Commission of Pakistan has arranged an awareness session on (Anti Money Laundering and Countering Financing of Terrorism) Regulations, 2018 and Related Guidelines at Pakistan Stock Exchange on April 04, 2019. Brokers were instructed to nominate their representatives and also ensure their attendance.

**April 11, 2019**

All brokers were advised to register themselves on GoAML by April 15, 2019, which is a state of the art all-encompassing online reporting system for data collection, analysis and dissemination of Suspicious Transaction Reports and Currency Transaction Reports.

**April 15, 2019**

All market participants were informed about introduction of a dedicated UAN for Customer Support Services number 111-11-PMEX (7639) to provide brokers and their clients an enhanced customer experience.

**May 9, 2019**

All stakeholders were informed that the Board of Directors of PMEX in its meeting held on April 23, 2019 has approved amendments to Chapter III (Membership of the Exchange) of PMEX General Regulations, 2007 relating to TRE Certificate in accordance with Section 2(52) and 2(53) of the Futures Market Act, 2016.

**May 31, 2019**


All brokers were informed that the Exchange has extended the date till June 17, 2019 for running the existing funds movement model in parallel with Direct Funds Model (DFM).

**June 12, 2019**


All brokers were informed that National Clearing Company of Pakistan Limited (NCCPL) has been licensed as a Centralized Know-Your-Customer (KYC) Organization (CKO) under Centralized Know—Your-Customer (KYC) Organization Rules, 2017. They were advised to register with NCCPL as Authorized Intermediary (AI) by submitting the specified registration documents.

# PMEX HIGHLIGHTS


### PMEX VOLUME COMPARISON WITH PAKISTAN STOCK EXCHANGE
in PKR Billions





### VOLUMES OF 14 MAJOR COMMODITIES
in PKR Billion





### TRADED VOLUME




### DEMO TRADING ACCOUNTS




### NEW UINs



# دس سر فہرست بروکرز

## اپریل - جون 2019

کل تجارتی معاہدے: 804,238 | کل تجارتی رقم: 705.043 بلین روپے | ایکٹیو بروکرز کی تعداد: 54

| درجہ | تجارتی معاہدوں کی بنیاد پر | تجارتی مالیت کی بنیاد پر |
|---|---|---|
| ۱ | ایچ۔جی مارکیٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ | اعظم گولڈ ٹریڈنگ (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۲ | اعظم گولڈ ٹریڈنگ (پرائیوٹ) لمیٹڈ | عباسی اینڈ کمپنی (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۳ | جہانزیب کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ | جہانزیب کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۴ | عباسی اینڈ کمپنی (پرائیوٹ) لمیٹڈ | ایچ۔جی مارکیٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۵ | عارف حبیب کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ | فنٹیک (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۶ | این ریچز (پرائیوٹ) لمیٹڈ | عارف حبیب کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۷ | فنٹیک (پرائیوٹ) لمیٹڈ | این ریچز (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۸ | جے ایس گلوبل کیپٹل لمیٹڈ | جے ایس گلوبل کیپٹل لمیٹڈ |
| ۹ | مارکیٹ786 (پرائیوٹ) لمیٹڈ | ریز کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۱۰ | اے کے ڈی کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ | ٹاپ لائن کموڈٹیز لمیٹڈ |

# سرکلرز اور نوٹیفیکیشن

**03 اپریل 2019**

تمام بروکرز کو اطلاع دی گئی کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان اینٹی منی لانڈرنگ اینڈ کاؤنٹرنگ آف ٹیررازم ریگولیشنز 2019 اور اس سے متعلقہ گائیڈ لائنز کے بارے میں ایک آگاہی پروگرام 04 اپریل 2019 کو پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں منعقد کر رہا ہے۔ بروکرز کو یہ ہدایت بھی کی گئی کہ اس پروگرام کے لئے اپنے نمائندے نامزد کریں اور ان کی شرکت کو یقینی بنائیں۔

**11 اپریل 2019**

تمام بروکرز کو اطلاع دی گئی کہ وہ خود کو 15 اپریل 2019 تک جی او اے ایم ایل کے تحت رجسٹر کروائیں جو ایک جدید پروگرام ہے۔ اس آن لائن پروگرام کے ذریعے ڈیٹا کلیکشن اور اس کے تجزیے سے مشکوک کرنسی ٹرانزیکشن کی رپورٹس تیار کرنے اور ان کی تقسیم میں مدد ملتی ہے۔

**15 اپریل 2019**

مارکیٹ کے تمام شرکاء کو اطلاع دی گئی کہ کسٹمر سپورٹ سروسز کے لئے ایک خصوصی نمبر 7639-11-111 مختص کر دیا گیا ہے۔ اس کا مقصد بروکرز اور ان کے کلائنٹس کو فراہم کی جانے والی خدمات کے معیار کو بہتر بنانا ہے۔

**09 مئی 2019**

مارکیٹ کے تمام شرکاء کو آگاہ کیا گیا کہ پی ایم ای ایکس کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 17 اپریل 2019 کو ہونے والی میٹنگ میں پی ایم ای ایکس جنرل ریگولیشنز 2007 کے چیپٹر (ممبرشپ آف دی ایکسچینج) میں تبدیلی کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس کا تعلق ٹی آر ای سرٹیفکیٹس کی شق (252) 2 اور (253) 2 سے ہے جو کہ ضمیمہ میں موجود ہیں۔

**31 مئی 2019**

تمام بروکرز کو آگاہ کیا گیا کہ ایکسچینج نے ڈائریکٹ فنڈز ماڈل (ڈی ایف ایم) کے ساتھ ساتھ موجودہ فنڈز کی منتقلی کے ماڈل کو جاری رکھنے کی مدت میں 17 جون 2019 تک توسیع کر دی ہے۔

**12 جون 2019**

تمام بروکرز کو آگاہ کیا گیا کہ نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان (این سی سی پی ایل) کو سینٹرلائزڈ کیو وائی سی آرگنائزیشن رولز 2017 کے تحت سینٹرلائزڈ کیو وائی سی آرگنائزیشن (سی کے او) کا لائسنس جاری کیا گیا ہے۔ ان کو یہ ہدایت بھی کی گئی کہ وہ این سی سی پی ایل کے پاس بطور انٹرمیڈیری (اے آئی) رجسٹریشن کے لئے متعلقہ دستاویز جمع کرا کے خود کو رجسٹر کروائیں۔

# انویسٹرایجوکیشن

پاکستان میں 2007 سے اب تک کموڈٹی فیوچرز مارکیٹ میں تیزی سے نشوونما ہوئی ہے۔ ان سالوں کے دوران کموڈٹی مارکیٹ کے ریگولیٹری، اسٹرکچرل اور آپریشنل طریقوں میں تبدیلیاں آئی ہیں جن کا مقصد مارکیٹ کو موثر بنانا، شفافیت لانا اور ٹریڈنگ کے غیر منصفانہ طریقوں کو روکنا ہے تاکہ پاکستان کی کموڈٹی فیوچرز مارکیٹ کو دنیا میں کام کرنے کے بہترین طریقوں سے ہم آہنگ کیا جا سکے۔

پی ایم ای ایکس بطور ایک سیلف ریگولیٹری آرگنائزیشن (ایس آر او) اپنے بروکرز اور ان کے کلائنٹس کیلئے وقتاً فوقتاً ہدایات تجویز کرتا رہتا ہے۔ حال ہی میں ایکسچینج نے ڈائریکٹ فنڈ ماڈل کے تعارف کے بعد ان ہدایات پر نظرثانی کی ہے تاکہ صوابدیدی ٹریڈنگ کی روک تھام کی جا سکے اس شمارے میں ان نظرثانی شدہ ہدایات کو شامل کیا گیا ہے جو کموڈٹی فیوچرز کے بروکرز کے کلائنٹس سے متعلق ہیں۔

| عمل کریں | گریز کریں |
|---|---|
| ۱۔ بروکرز اور اس کی برانچز کی تصدیق پی ایم ای ایکس کی ویب سائٹ http://www.pmex.com.pk/pmex-broker/ پر فراہم کردہ لسٹ سے کریں۔ | ۱۔ ان بروکرز یا برانچز کے ساتھ کاروبار نہ کریں جو پی ایم ای ایکس کے پاس رجسٹرڈ نہ ہوں۔ |
| ۲۔ شرائط وضوابط کے ساتھ خطرات کی نشاندہی کرنے والی دستاویز کو احتیاط سے پڑھیں اور سمجھیں۔ | ۲۔ اکاؤنٹ اوپننگ فارم میں غلط، متضاد یا نامکمل معلومات کا اندراج نہ کریں۔ |
| ۳۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ اکاؤنٹ کھولنے کے فارم میں معلومات کا درست اندراج کیا گیا ہے اور اس فارم کی دستخط شدہ کاپی حاصل کریں جس کو ضرورت کے وقت بطور حوالہ استعمال کیا جا سکے۔ | ۳۔ بروکر یا اس کے کسی بھی ملازم / نامزد کردہ نمائندہ کے نام کراس چیک، پے آرڈر، ڈیمانڈ ڈرافٹ یا کوئی بھی بینکنگ انسٹرومنٹ جاری نہ کریں۔ |
| ۴۔ اکاؤنٹ کھولنے کے فارم میں فراہم کردہ معلومات میں کسی بھی قسم کی تبدیلی سے بروکر کو تحریری طور پر فوری آگاہ کریں۔ | ۴۔ اپنے اکاؤنٹ میں کوئی نقد رقم نہ جمع کرائیں۔ |
| ۵۔ پی ایم ای ایکس کو ادائیگی کراس چیک یا آن لائن ٹرانسفر سے اپنے رجسٹرڈ بینک اکاؤنٹ سے کریں جو پی ایم ای ایکس کے پاس کھولا گیا ہے۔ | ۵۔ کسی بھی قسم کی ادائیگی تھرڈ پارٹی اکاؤنٹ سے نہ کریں۔ |
| ۶۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ بروکر آپ کو آپ کے ٹریڈنگ اکاؤنٹ میں ہونے والے سودوں اور کیش بیلنس کی تفصیلات روزانہ، ہفتہ وار اور ماہانہ کی بنیاد پر فراہم کرے۔ | ۶۔ بروکر یا اس کے نامزد نمائندہ کی جانب سے جاری کردہ پرکشش اشتہار، افواہ، ہاٹ ٹپ یا یقینی منافع کی ادائیگی کی پیشکش سے گمراہ نہ ہوں۔ |
| ۷۔ اپنے بروکر کو ہدایت کریں کہ وہ آپ کو ٹریڈنگ اکاؤنٹ میں ہونے والی ٹریڈ اور کیش موومنٹ کے بارے میں ایس ایم ایس الرٹ باقاعدگی سے بھیجے۔ | ۷۔ ایکسچینج کی طرف سے جاری کیا گیا آئی ڈی اور پاس ورڈ کسی بھی صورت میں بروکر یا اس کے نامزد کردہ نمائندہ کو نہ بتائیں۔ |
| ۸۔ ایسی شکایت جو بروکر دور کرنے میں ناکام رہے اس کی اطلاع پی ایم ای ایکس کو دیں۔ | ۸۔ اپنے کیش بیلنس اور ٹریڈ کے بذریعہ ایس ایم ایس یا ای میل وصول کرنے کے حق سے دستبردار نہ ہوں۔ |
| | ۹۔ پی ایم ای ایکس کی جانب سے جاری کردہ خطرات کی نشاندہی کرنے والی دستاویز کو مکمل طور پر سمجھے بغیر ٹریڈنگ شروع نہ کریں۔ |
| | ۱۰۔ ڈپازٹ چاہے اس کو کوئی بھی نام دیا گیا ہو مقررہ یا یقینی منافع کے عوض بروکر یا اس کے کسی بھی ملازم / نامزد کردہ نمائندہ کو ہرگز نہ دیں کیونکہ یہ غیر قانونی ہے اور اس قسم کے غیر قانونی ڈپازٹ کے کسی بھی کلیم پر پی ایم ای ایکس کی جانب سے کوئی توجہ نہیں دی جائے گی اور نہ ہی اس پر غور کیا جائے گا۔ |

# پی ایم ای ایکس ملازمین کا رضاکارانہ پروگرام

پی ایم ای ایکس ملازمین کے رضاکارانہ پروگرامز ان کو اس امر پر ابھارتے ہیں اور ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ کس طرح ایک دوسرے کے نزدیک آسکتے ہیں اور معاشرے کے کم مراعات یافتہ طبقے سے دوریاں ختم کر کے ان کے دل جیت سکتے ہیں۔ ان پروگرامز کے ذریعے پی ایم ای ایکس کے ملازمین نوجوانوں کی تعلیم اور ترقی میں سب سے آگے ہوتے ہیں۔

اپریل۔ جون 2019 سہ ماہی کے دوران پی ایم ای ایکس کے ملازمین کے ایک گروپ نے اپنا وقت اجالا اسکول کے بچوں کے ساتھ گزارا جہاں اسپیشل بچوں کو پیشہ ورانہ تربیت دی جاتی ہے۔ یہ اسکول ایک فلاحی ادارے پیرنٹس ویلفیئر ایسوسی ایشن نے قائم کیا ہے۔ اس گروپ کا مقصد ان بچوں کے ساتھ وقت گزارنا تھا جو خصوصی صلاحیتیں رکھتے ہیں اور ان کو اپنی محبت، دیکھ بھال اور وقار کا احساس دلانا تھا۔ پی ایم ای ایکس کے ملازمین نے ان بچوں میں کتابیں اور اسٹیشنری کا سامان تقسیم کیا۔





"ان بچوں کے ساتھ وقت گزارنے سے میری زندگی ایک نئی جہت سے آشنا ہوئی ہے۔ یہ بچے نہ صرف مطمئن تھے بلکہ ان میں زندگی کے کسی بھی چیلنج سے نبرد آزما ہونے کی صلاحیت موجود تھی۔ میں قائل ہو چکا ہوں کہ ان میں کچھ منفرد صلاحیتیں ہیں اور وہ دوسروں سے یکتا ہیں۔"

حفیظہ امبر
اسسٹنٹ منیجر آئی ٹی سیکیورٹی

"اجالا کے بچوں کے ساتھ ملاپ نے مجھے دو سبق سکھائے ہیں: 1) اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ اور 2) ان بچوں کی کچھ منفرد قابلیتوں کو سمجھنا چاہیئے۔ مجھے احساس ہے کہ یہ معاشرے کی اجتماعی ذمہ داری ہے کہ ان بچوں کی منفرد مہارتوں کو اجاگر کرے اور ان کو معاشرے کیلئے مشعل راہ بنائے۔"

محمد وقاص محسن
ٹیم لیڈ۔ سوفٹ ویئر کوالٹی انشورنس اینڈ بزنس اینالسٹ

# پی ایم ای ایکس کی ملازمت کی مہم میں شرکت

اپریل۔ جون 2019 سہ ماہی کے دوران پی ایم ای ایکس نے کراچی یونیورسٹی اور حبیب یونیورسٹی میں ہونے والی ملازمت کی مہم میں شرکت کی۔

اس مہم میں شرکت کا مقصد ان یونیورسٹیوں میں آنے والے نئے طلباء اور پاس ہونے والوں کے ساتھ ساتھ یہاں کے سابق طلباء کو ملک کے پہلے اور واحد ملٹی کموڈٹی فیوچرز ایکسچینج کی ٹیم سے ملاقات تھی اور ان کو یہاں موجود انٹرن شپ اور ملازمت کے مواقعوں کے بارے میں معلومات فراہم کرنا تھی۔

فائزہ حسین، ہیڈ آف ہیومن ریسورس نے ان باہمی دلچسپی کے پروگرامز کو ترتیب دیا۔ انھوں نے طلباء اور فیکلٹی ممبرز کو ایکسچینج کے بنیادی کاروبار کے بارے میں آگاہ کیا جس کا محور ملازمت کے حصول کا طریقہ تھا۔ شرکاء نے پریزنٹیشن میں گہری دلچسپی لی اور سوال و جواب کے مرحلہ میں بھرپور شرکت کی۔





# آگاہی پروگرامز

### فیوچرز ٹریڈنگ 101

ایکسچینج نے "فیوچرز ٹریڈنگ 101" کے تحت 12 ٹریننگ سیشنز منعقد کیئے ان سیشنز میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے ممکنہ سرمایہ کاروں نے شرکت کی۔ ان سیشنز میں شرکاء کو فیوچرز ٹریڈنگ کے بارے میں وسیع معلومات فراہم کی گئیں اور ایک ریگولیٹڈ ٹریڈنگ پلیٹ فارم پر ٹریڈنگ کے فوائد کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔

یہ بلامعاوضہ ہفت وار ٹریننگ سیشنز ہر بدھ کو شام 4:00 بجے سے 5:00 بجے تک پی ایم ای ایکس کے دفتر میں منعقد کیئے جاتے ہیں۔

### راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

ایک آگاہی سیشن جس کا موضوع "کموڈٹی فیوچرز ٹریڈنگ" تھا راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ممبران کیلئے ان کے دفتر میں 03 اپریل 2019 کو منعقد کیا گیا۔ اعجاز علی شاہ، مینجنگ ڈائریکٹر پی ایم ای ایکس نے زرعی اجناس کی ایکسچینج کے پلیٹ فارم پر ٹریڈنگ کے پروگرام کی تفصیلات بتائیں۔ انھوں نے حاضرین کو قیمتوں میں ردوبدل کے خطرے پر قابو پانے، قیمتوں کی دریافت، شفافیت اور خطرے پر قابو پانے کے طریقہ کار کی ٹریڈنگ اور رازنز یکشنز میں اہمیت کے بارے میں تفصیلات بتائیں۔ اس سیشن میں حاضرین نے گہری دلچسپی لی، سوال و جواب کے مرحلے میں شرکت کی اور اپنے تاثرات اور تجاویز پیش کیں۔




### دارالصحت اسپتال

ایکسچینج نے کموڈٹی فیوچرز کی پی ایم ای ایکس کے ریگولیٹڈ پلیٹ فارم پر ٹریڈنگ کے بارے میں ایک آگاہی پروگرام دارالصحت اسپتال کے اسٹاف کیلئے شجر کیپیٹل کی معاونت سے منعقد کیا۔

اس سیشن کی ابتداء پی ایم ای ایکس کے بارے میں تیار کردہ ڈاکومینٹری دکھانے سے کی گئی جس کے بعد ایک تفصیلی پریزنٹیشن دی گئی جس میں کموڈٹی ٹریڈنگ، ایکسچینج کے مربوط بزنس ماڈل، ٹیکنالوجی انفراسٹرکچر اور موجودہ اور مستقبل میں متعارف کرائی جانے والی پراڈکٹس کے بارے میں بتایا گیا۔ اس سیشن کا اختتام سوال و جواب کے مرحلہ پر ہوا۔

### انسٹیٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن

ایکسچینج نے باہمی دلچسپی کا آگاہی پروگرام انسٹیٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن (آئی بی اے) کے طلباء اور فیکلٹی ممبرز کیلئے منعقد کیا۔ شرکاء کو ایک ریگولیٹڈ پلیٹ فارم پر کموڈٹی ٹریڈنگ کے بارے میں تفصیلات بتائی گئیں اور یہ بھی کہ ایکسچینج اس میں کس قدر اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ نوواردگان کو کموڈٹی ٹریڈنگ سے آگاہ کرنے کیلئے ان کو میٹا ٹریڈر 5 کے ذریعے فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں بتایا گیا جس میں ڈیمو ٹریڈنگ اکاؤنٹ سروس شامل ہے جو حقیقی ٹریڈنگ جیسی ہے فرق صرف یہ ہے کہ اس میں فرضی رقم استعمال کی جاتی ہے۔

# پی ایم ای ایکس کی اے ایف ایم کی سالانہ کانفرنس میں شرکت

پی ایم ای ایکس نے ایسوسی ایشن آف فیوچرز مارکیٹ (اے ایف ایم) کی 22 ویں سالانہ کانفرنس میں شرکت کی جو ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے شہر شکاگو میں 8-9 مئی 2019 کو منعقد کی گئی تھی۔ اس کانفرنس کا موضوع تھا کہ جدید ٹیکنالوجی فیوچرز مارکیٹ پر کس طرح اثر انداز ہو رہی ہے۔ اس کانفرنس نے ریگولیٹرز، ایکسچینجز، کلیئرنگ ہاؤسز اور دیگر شرکاء کو جن کا تعلق دنیا کے مختلف ملکوں سے تھا ایک چھت کے نیچے اکٹھا ہونے اور مارکیٹ کے رجحانات اور درپیش مسائل کے بارے میں گفتگو کا موقع فراہم کیا۔ اس دو روزہ کانفرنس میں شرکاء کو پینل ڈسکشن، بحث و مباحثہ اور اپنے تاثرات کا وسیع موضوعات پر اظہار کرنے کا موقع فراہم کیا گیا۔ اس میں جو موضوعات شامل تھے وہ ڈیری ویٹوز انڈسٹری کے بدلتے ہوئے خدوخال، عالمی مارکیٹ کی نشوونما اور ان کے ایکسچینجز پر ہونے والے اثرات، ریگولیٹری نظام کی تشکیل، نئے قائم کیے جانے والے فیوچرز ایکسچینجز کو درپیش چیلنجز، ایکسچینجز میں فن ٹیک کے کردار، کرپٹو کرنسیز اور ڈیجیٹل ایسٹ ایکسچینجز تھے۔



اس کانفرنس میں پی ایم ای ایکس کے مینیجنگ ڈائریکٹر اعجاز علی شاہ نے ایکسچینج کی نمائندگی کی۔ پی ایم ای ایکس کو موقع ملا کہ وہ موجودہ دور کے وسیع موضوعات پر بھرپور اور مشغول رکھنے والی گفتگو میں شرکت کر سکے اس کے علاوہ پی ایم ای ایکس کو موقع ملا کہ وہ اے ایف ایم ممبر، ساتھی اداروں اور اے ایف ایم ریجن میں واقع دیگر مارکیٹ کے شرکاء کے ساتھ اپنے تعلقات سنوارے اور موجودہ تعلقات کو مستحکم کرے۔

پی ایم ای ایکس نے مارچ 2012 میں اے ایف ایم میں بطور ایسوسی ایٹ ممبر شمولیت اختیار کی تھی اور اس کو 2014 میں مکمل ممبر کا درجہ دے دیا گیا۔ بطور مکمل ممبر پی ایم ای ایکس ایسوسی ایشن میں پالیسی سازی میں فعال کردار ادا کرتا ہے اور اس کے ضمنی اداروں میں پاکستان کی نمائندگی کرتا ہے۔

# پی ایم ای ایکس میں کے سی سی آئی وفد کی آمد

کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے ایک وفد نے پی ایم ای ایکس کے دفتر کا دورہ کیا جس کی سربراہی چیمبر کے صدر جنید اسماعیل مکڈا کر رہے تھے۔ اس کے دیگر معزز اراکین میں آصف شیخ جاوید، نائب صدر، عبدالباسط عبدالرزاق، سابق سینئر نائب صدر، انجینئر فیصل میمن، ڈپٹی سیکریٹری اور عارف دوانی سی ای او ودانی اینڈ کمپنی شامل تھے۔

اعجاز علی شاہ، مینیجنگ ڈائریکٹر پی ایم ای ایکس نے وفد کا خیر مقدم کیا اور اراکین کو ملک کے واحد کموڈٹی فیوچرز ایکسچینج کے اہم کردار کے بارے میں بتایا جو مقامی زرعی اجناس کو اپنے ٹریڈنگ پلیٹ فارم پر خرید و فروخت میں ادا کر رہا ہے۔ شاہ صاحب نے مستقبل میں متعارف کیے جانے والے تجارتی پلیٹ فارم گلوبل ٹریڈنگ پلیٹ فارم (جی ٹی پی) کے بارے میں بتایا۔ جس کے ذریعے مقامی زرعی اجناس کو غیر ملکی خریداروں سے متعارف کرایا جائے گا اور ان کو اس قابل بنایا جائے گا کہ وہ ان اجناس کی اپنی پسند کی پورٹس پر ڈیلیوری حاصل کر سکیں۔



جنید اسماعیل مکڈا نے اعجاز علی شاہ کا ایک تفصیلی پریزنٹیشن پیش کرنے پر شکریہ ادا کیا اور اس بات کا یقین دلایا کہ چیمبر پی ایم ای ایکس کے مستقبل کے منصوبوں کی بھرپور اعانت کرے گا۔

# پی ایم ای ایکس کی جانب سے کسٹمرز کیلئے کموڈٹی فیوچرز کا بہترین تجربہ




ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن نے ایک نئے طبقے کو جنم دیا ہے جو بہتر طور پر آگاہ اور سماجی طور پر وابستہ ہے۔ پی ایم ای ایکس ٹیکنالوجی سے شغف رکھنے والوں کی بڑھتی ہوئی طلب سے مکمل طور پر آگاہ ہے اور فعال رہ کر قابل قدر ممبران اور ان کے کلائنٹس کیلئے بہتر خدمات فراہم کرنا چاہتا ہے جو اس فلسفے پر مشتمل ہے کہ کسٹمر سروسز خدمات کے معیار پر پورا اترنے میں نہیں بلکہ اس سے بھی بڑھ کر کچھ کرنے میں ہے۔

اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ کلائنٹس کا کسٹمر سروسز سے براہ راست رابطہ ہے، ایکسچینج نے کسٹمر سپورٹ سروسز کیلئے ایک مخصوص نمبر متعارف کرایا ہے جو 111-11-PMEX (7639) ہے۔ اس مخصوص نمبر کو استعمال کرتے ہوئے ممبران اور ان کے کلائنٹس اپنے سوالات کے جواب ایکسچینج کی نہایت ذمہ دار کسٹمر سپورٹ سروسز کی ٹیم سے نہایت ہی سادگی اور تیز رفتاری سے حاصل کر سکتے ہیں۔ آئندہ دنوں میں پی ایم ای ایکس کسٹمر سپورٹ سروسز کو کسٹمر ریلیشن شپ مینجمنٹ (سی آر ایم) سافٹ ویئر سے منسلک کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ سی آر ایم استعمال کرتے ہوئے پی ایم ای ایکس اپنے ممبران اور ان کے کلائنٹس کا مکمل احاطہ کر سکے گا اور ان کے ایکسچینج کے ساتھ فیوچرز ٹریڈنگ کے تجربے کو خوش گوار بنا سکے گا۔ مزید برآں ایکسچینج کو رابطہ کو ذاتی بنانے، تعلقات کو مضبوط، معلومات کے حصول کو سہل اور اطمینان کی سطح کو بلند تر بنانے میں مددگار ثابت ہوگا۔

پی ایم ای ایکس کو یقین ہے کہ جب سی آر ایم کو کسٹمر سپورٹ سروسز کے ساتھ منسلک کر دیا جائے گا تو ممبران اور ان کے کلائنٹس بہتر سروسز حاصل کرنے کے قابل ہو جائیں گے جو ان کو کموڈٹی ٹریڈنگ، سرمایہ کاری اور قیمتوں میں رد و بدل کے خطرے پر قابو پانے کی صلاحیت کو بہتر بنائے گی۔

## پی ایم ای ایکس کی پی ایس اے ٹی ایف کیلئے منعقدہ سیمینار میں شرکت

پی ایم ای ایکس نے حکومت سندھ کی جانب سے پاکستان، ساؤتھ افریقہ ٹریڈ فیڈریشن (پی ایس اے ٹی ایف) کے ایک وفد کیلئے 8 اپریل 2019 کو کراچی کے ایک ہوٹل میں منعقد کیے جانے والے سیمینار میں شرکت کی تھی۔ پی ایس اے ٹی ایف کے وفد کے پاکستان کے دورے کا مقصد جنوبی افریقہ میں واقع ممالک اور پاکستان کے درمیان معاشی تعلقات کو مستحکم کرنا اور دو طرفہ تجارت کو فروغ دینا تھا۔

حسن محمود، ہیڈ آف بزنس پی ایم ای ایکس نے اس موقع پر ایک تفصیلی پریزنٹیشن دی جس میں پاکستان کی معیشت میں ایکسچینج کے کردار کے بارے میں وفد کو آگاہ کیا گیا۔ اس پریزنٹیشن کا محور گلوبل ٹریڈنگ پلیٹ فارم (جی ٹی پی) تھا۔

یہ پلیٹ فارم پی ایم ای ایکس کو اس قابل بنائے گا کہ وہ مقامی طور پر پیدا ہونے والی زرعی مصنوعات بین الاقوامی منڈیوں میں فروخت کیلئے پیش کر سکے اور ان کی ترسیل کو خریداروں کے دروازوں تک ممکن بنا سکے۔ انھوں نے سامعین کو آگاہ کیا کہ جی ٹی پی ایک طرف تو خریداروں کو اس قابل بنائے گا کہ وہ تصدیق شدہ معیاری مصنوعات پر کشش قیمتوں پر خرید سکیں تو دوسری طرف بیچنے والوں کو سہولت فراہم کرے گا کہ وہ پیش کی جانے والی اشیا کی بہتر قیمت حاصل کر سکیں۔



وفد کے ارکان نے پی ایم ای ایکس کے تجویز کردہ بزنس ماڈل میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور ایکسچینج کو دعوت دی کہ وہ جوہانسبرگ میں منعقد ہونے والی کانفرنس میں شرکت کرے۔ اس پلیٹ فارم کے ذریعے پیش کی جانے والی زرعی مصنوعات کی بین الاقوامی صارفین کو پیشکش ان کی برآمدات، بالخصوص موٹے چاول کی جنوبی افریقہ میں واقع ممالک کو برآمدات بڑھانے میں مددگار ثابت ہوگی۔ اس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ درآمد اور برآمد کرنے والے ممالک جدید ٹیکنالوجی پر مشتمل پی ایم ای ایکس کے اس پلیٹ فارم سے مصنوعات کی اس وقت کی قیمتوں، تصدیق شدہ معیاری اشیا اور ادائیگی کی سہولت سے فائدہ اٹھا سکیں گے۔

## پی ایم ای ایکس میں مائیکروسافٹ آفس 365 کا استعمال

پی ایم ای ایکس نے اپنے یہاں کام کرنے والوں کیلئے مائیکروسافٹ آفس 365 متعارف کرا دیا ہے جو لوگوں کو ایک زیادہ موثر، تخلیقی اور جدید طریقے سے ایک دوسرے سے بات چیت، تعاون اور اپنے خیالات کا تبادلہ کرنے میں مدد دے گا۔

آفس 365 کے ذریعے پی ایم ای ایکس اپنی ایپلی کیشنز اور سٹوریج کلاؤڈ پر منتقل کرنے کے قابل ہو گیا ہے جس کے متعدد فوائد ہیں جن میں رسائی میں آسانی، حفاظت اور جامع حمایت شامل ہیں۔

آفس 365 کی سہولت کاروبار کیلئے مائیکروسافٹ سے رکنیت کی بنیاد پر حاصل کی جاتی ہے جو محفوظ ڈیٹا سینٹرز میں رکھی جاتی ہے اور اس سے انٹرنیٹ کے ذریعے رسائی کی جا سکتی ہے۔ اس میں جو خدمات شامل ہیں وہ تازہ ترین ایپلی کیشنز تک رسائی اور آن لائن کام کرنے کی سہولت کے ساتھ ساتھ کاروباری سہولیات مثلاً ویب کانفرنسنگ، ہوسٹڈ میل اور آن لائن اسٹوریج شامل ہیں۔

# پی ایم ای ایکس کی جانب سے سونے کی تجارت میں نئے باب کا اضافہ

جب سے سونا دریافت ہوا ہے اس کی کھپت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ اس حقیقت کے باوجود یہ ایک ناقابل حرف گوئی ہے۔ کرنسی کے تعارف سے قبل یہ تبادلے کا ذریعہ تھا۔ امرا اور خواتین اس کو اب تک اپنی امارت کے اظہار کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ اس کا صنعتوں میں استعمال ہے۔ یہ ایک اعلیٰ موصل، نہایت لچکدار اور نہایت ملائم دھات ہے جس کو الیکٹرانک اور شیشہ سازی، طبی اور دانتوں کے علاج میں استعمال کیا جاتا ہے۔

حال ہی میں دنیا بھر میں مرکزی بینکوں نے اس قیمتی دھات میں اہم کرنسیوں کے ساتھ سرمایہ کاری شروع کر دی ہے۔ سرمایہ کار اس کو محفوظ جنت گردانتے ہیں اور معاشی ہیجان کے دوران اس میں زیادہ سرمایہ کاری کرتے ہیں۔



پاکستان اس رجحان سے مستثنیٰ نہیں رہ سکتا۔ اس وقت ملک بھر میں 30,000 سے زائد جیولری کی دوکانیں ہیں۔ پانچ لاکھ سے زائد افراد اس صنعت سے بالواسطہ یا بلاواسطہ وابستہ ہیں۔ سونے کی تجارت، درآمد برآمد اور دستیاب مقدار کے بارے میں سرکاری اعداد و شمار دستیاب نہیں ہیں اس لئے اس کا اندازہ اس کی تجارت سے وابستہ افراد کے تجزیے سے لگایا جا سکتا ہے۔ ایک غیر سرکاری اندازے کے مطابق ملک میں سونے کی سالانہ کھپت 150 ٹن ہے۔ جس سے ملک کی معیشت میں سونے کی اہمیت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے تاہم اس کی خرید و فروخت سے متعلق دستاویز دستیاب نہیں ہیں۔ حال ہی میں حکومت نے ملک کی معیشت میں دستاویز سازی کا عمل شروع کیا ہے۔ اس کے ساتھ فنانشل ایکشن ٹاسک فورس (ایف اے ٹی ایف) کی ریگولیشنز پر عمل پیرا ہونے کیلئے سونے کی تجارت سے متعلق دستاویز کی تیاری کیلئے ضروری ہے کہ اس کی تجارت کی مکمل دستاویز تیار کی جائیں۔ ان حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ کہنا مناسب ہوگا کہ سونے کی تجارت سے متعلق ایسا نظام تیار کیا جائے جو ایک طرف اس کی تجارت سے متعلق دستاویز کی تیاری میں مدد دے تو دوسری طرف اس قیمتی دھات اور رقم کی نقل و حرکت کا قابل اعتبار ثبوت فراہم کیا جا سکے۔

اس سلسلہ میں پی ایم ای ایکس نے سونے کی تجارت سے وابستہ مختلف شرکاء سے تفصیلی گفتگو کی اور اس امر پر اتفاق کیا کہ ایکسچینج سونے کی تجارت سے متعلق دستاویز کی تیاری اور سناروں کیلئے اس بنیادی خام مال کی فراہمی میں ایک اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔

اوپر بیان کردہ مقاصد اور بین الاقوامی پیش رفت کو مدنظر رکھتے ہوئے ایکسچینج نے ایک نظام تجویز کیا ہے جس کے ذریعے پی ایم ای ایکس کے ممبرز سونا درآمد کر سکیں گے۔ یہ درآمد شدہ سونا ایکسچینج کی تجوریوں میں جمع کرا کے اس کے الیکٹرانک ٹریڈنگ پلیٹ فارم پر خرید و فروخت کیلئے پیش کیا جائے گا اور اس کی ترسیل کی جائے گی۔ سناروں / خریداروں کیلئے لازم ہوگا کہ وہ اپنا ٹریڈنگ اکاؤنٹ پی ایم ای ایکس کے پاس کھولیں۔ خریدار آن لائن بینکنگ کے ذریعے رقم براہ راست پی ایم ای ایکس کو منتقل کریں گے۔ ایکسچینج اس وقت تجویز کردہ ماڈل کے طریقہ کار کی تفصیلات کے بارے میں مارکیٹ کے شرکاء اور ریگولیٹری اتھارٹیز سے مشاورت کر رہا ہے۔

ایکسچینج کو یقین ہے کہ جب تجویز کردہ نظام باضابطہ منظوری کے بعد سونے کی فروخت اور ترسیل کیلئے نافذ العمل کر دیا جائے گا تو اس سے مختلف فوائد حاصل ہوں گے جس میں سونے کی خرید و فروخت کی دستاویز کی تیاری، پاکستان سے زیورات کی برآمد میں اضافہ اور سونے کی بنیاد پر سرمایہ کاری کے ساتھ سونے کی عوض قرضوں کی فراہمی کے نظام قائم کرنے میں مدد ملے گی۔

# مندرجات


۱ پی ایم ای ایکس کی جانب سے سونے کی تجارت میں نئے باب کا اضافہ

۲ پی ایم ای ایکس کی پی ایس اے ٹی ایف کیلئے منعقدہ سیمینار میں شرکت

۳ پی ایم ای ایکس میں مائیکروسافٹ آفس 365 کا استعمال

۴ پی ایم ای ایکس میں کے سی سی آئی وفد کی آمد

۵ پی ایم ای ایکس کی جانب سے کسٹمرز کیلئے کموڈٹی فیوچرز کا بہترین تجربہ

۶ پی ایم ای ایکس کی اے ایف ایم کی سالانہ کانفرنس میں شرکت

۷ آگاہی پروگرامز

۸ پی ایم ای ایکس ملازمین کا رضاکارانہ پروگرام

۹ پی ایم ای ایکس کی ملازمت کی مہم میں شرکت

۱۰ اتویسٹر ایجوکیشن

۱۱ دس سر فہرست بروکرز

۱۲ سرکلرز اور نوٹیفکیشنز

۱۳ پی ایم ای ایکس کی شہ سرخیاں

۱۴ اشیاء کی قیمتوں کا رجحان

پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس) پاکستان کا پہلا اور واحد ملٹی کموڈٹی فیوچرز ایکسچینج ہے جسے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے لائسنس جاری کیا ہے اور وہی اس کو ریگولیٹ کرتا ہے۔ اس کے شیئر ہولڈرز میں نیشنل بینک آف پاکستان (این بی پی)، پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایس ایکس)، آئی ایس ای ٹاور ریئٹ مینجمنٹ کمپنی لمیٹڈ، ایل ایس ای فنانشل سروسز لمیٹڈ، پاک برونائی انویسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ، زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ اور پاک کویت انویسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ شامل ہیں۔ ایکسچینج متنوع مقامی اور انٹرنیشنل کموڈیٹیز اور فنانشل فیوچرز ٹریڈنگ کے لئے پیش کرتا ہے۔ اسٹیٹ آف دی آرٹ ٹیکنالوجی پر مشتمل ایک انتہائی جدید انفرااسٹرکچر کے ذریعے مکمل سہولیات ایک ہی چھت کے نیچے فراہم کی جاتی ہیں جس میں ٹریڈنگ، کلیئرنگ اینڈ سیٹلمنٹ، کسٹوڈی اور بیک آفس شامل ہیں۔ پی ایم ای ایکس مختلف بین الاقوامی ایسوسی ایشنز سے وابستہ ہے جس میں ایسوسی ایشن آف فیوچرز مارکیٹ (اے ایف ایم) اور فیوچرز انڈسٹری ایسوسی ایشن (ایف آئی اے) شامل ہیں۔ اس کے علاوہ پی ایم ای ایکس بورسا استنبول، ازمیر کموڈٹی ایکسچینج، دبئی گولڈ اینڈ کموڈٹی ایکسچینج (ڈی جی سی ایکس)، ڈالیان کموڈٹی ایکسچینج، ایران مرکنٹائل ایکسچینج (آئی ایم ای) اور بیلاروسین یونیورسل کموڈٹی ایکسچینج کے ساتھ مفاہمتی معاہدے بھی کر چکا ہے۔

## اہم وضاحت

اس نیوز لیٹر میں فراہم کی جانے والی معلومات کا بنیادی مقصد قارئین میں آگاہی پیدا کرنا ہے۔ نہ تو یہ کسی قسم کی پیش کش ہے نہ ہی اس کا مقصد کموڈٹی فیوچرز میں سرمایہ کاری کی ترغیب دینا ہے جو خطرہ سے مبرا نہیں۔ اس میں بیان کردہ خیالات، اظہار یا رائے کا مقصد پڑھنے والوں کو صرف معلومات فراہم کرنا ہے۔

# پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس)


**ہیڈ آفس**
3-B، تھرڈ فلور، بحریہ کمپلیکس IV، چوہدری خلیق الزماں روڈ، گزری، کراچی۔ 75600، پاکستان

**لاہور آفس**
آفس نمبر 01، P2 فلور، علی ٹاور،
B2-105، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ 3، لاہور، پاکستان

**اسلام آباد آفس**
آفس نمبر جی۔9 (پی)، آئی ایس ای ٹاور، جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد، پاکستان

کراچی: +92-21-111-623-623
اسلام آباد: +92-051-2894003-4
لاہور: +92-042-35752825-6
فیکس: +92-21-35155022

**کسٹمر سپورٹ سروسز**
UAN: +92-21-111-11-PMEX (7639)
Email: support@pmex.com.pk



پی ایم ای ایکس کے مارکیٹنگ ڈیپارٹمنٹ کی پبلیکیشن
ڈیزائن ایجنسی: کوئسٹ، پرنٹر: اسٹیل لائن گرافکس

Pakistan Mercantile Exchange

PMEX

# پلس

## نیوزلیٹر

شمارہ 23، اپریل - جون 2019

YOUR FUTURES EXCHANGE, THE EXCHANGE OF THE FUTURE

